Islamiat - 10th Class Islamiat Chapter 6 (Urdu Medium)

Q1. حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالی عنہ نے کتنی احادیث روایت کی ہیں.

Ans 1: حضرت اسماء بنت ابی بکر رضی اللہ تعالی عنہ نے نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم سے چھپن احادیث روایت کی ہیں.

Q2. شاہ عبدالعزیز رحمتہ اللہ علیہ نے کب وفات پائی.

Ans 1: شاہ عبدالعزیز رحمتہ اللہ علیہ نے اسی برس کی عمر میں 9 شوال 1239 ہجری بمطابق 1823 کو وفات پائی.

Q3. حضرت ام عمارہ رضی اللہ تعالی عنہ کے بارے میں نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کا کیا فرمان ہے.

Ans 1: نبی کریم خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے کہ میں نے احد میں ام عمارہ کو انے دائیں اور بائیں لڑتے دیکھا.

Q4. ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ نے کن موضوعات پر کتب تصنیف کیں.

Ans 1: ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ نے حدیث، تفسیر، سیرت اور ادب کے موضوعات پر کتب تصنیف کیں.

Q5. حضرت عمر بن العاص رضی اللہ تعالی عنہ کب اور کہاں وفات پائی.

Ans 1: حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ تعالی عنہ نے 43 ہجری میں مصر میں وفات پائی.

Q6. حضرت امام زید بن علی رحمتہ اللہ علیہ کب اور کب پیدا ہوئے.

Ans 1: حضرت امام زید بن علی رحمتہ اللہ علیہ کی ولادات با سعادت 76 ہرجیر کو مدینہ منورہ میں ہوئی.

Q7. حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمتہ اللہ علیہ کب اور کہاں پیدا ہوئے.

Ans 1: حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمتہ اللہ علیہ 23 شعبان 817 ہجری بمطابق 1414 عیسویں کو ہرات میں پیدا ہوئے.

Q8. حضرت مولانا عبدالرحمٰن جامی رحمتہ اللہ تعالی علیہ کی کتاب کا نام لکھیں.

Ans 1: علم الخوا میں " شرح ملا جامی" حضرت مالانا عبدالرحمٰن جامی رحمتہ اللہ تعالی علیہ کی تصنیف ہے.

Q9. ÷ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ نے کب اور کہاں وفات پائی

Ans 1: ابن عربی رحمتہ اللہ علیہ نے 638 ہجری بمطابق 1240 میں وفات پائی اور جبل قاسیون میں دفن کیے گئے.

Q10. حضرت زید بن علی رحمتہ اللہ علیہ سے منسوب حکومت کہاں قائم ہوئی.

Ans 1: حضرت زید بن علی رحمتہ اللہ علیہ کی شہادت کے بعد یمن مین باقاعدہ طور پر آپ رحمتہ اللہ علیہ سے منسوب حکومت قائم ہوئی.
